اعوان فاونڈیشن

"مستحق خاندانوں کی بہتر معیار زندگی فراہم کرنے میں مددگار"

اعوان فاونڈیشن ضرورت مند / مستحق خاندانوں کو صحت، تعلیم اور سماجی تحفظ کے شعبے میں فوری امداد فراہم کرتی ہے۔

سرگرمیاں:۔

صحت:۔

صحت کی دیکھ بھال پر اٹھنے والے اخراجات کسی بھی کم آمدنی /متوسط خاندان کو غربت میں دھکیل سکتے ہیں۔

اعوان فاونڈیشن کم آمدنی / مستحق خاندانوں اور گھرانوں کو ضروری اور زندگی بچانے والی ادویات تشخیصی ٹسٹ اور بحالی کے لیے جراحی میں امداد فراہم کرتی ہے۔ جوان گھرانوں کو صحت منداور بہتر زندگی گزارنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔

تعلیم :۔

کم آمدنی والے گھرانے زندگی کی روزمرہ کی ضروریات اور خوراک کے اخراجات میں تعلیم کو نظرانداز کر دیتے ہیں۔

اعوان فاونڈیشن ایسے مستحق گھرانوں کے لڑکے اور لڑکیوں کو تعلیمی وظائف فراہم کرتی ہے تاکہ غربت کی وجہ سے وہ تعلیمی میدان میں پیچھے نہ رہ جائیں۔

سماجی تحفظ :۔

کم آمدنی والے بیشتر گھرانے غربت ، بیماری اور بنیادی ضروریاتِ زندگی سے محرومیوں کے دلدل میں پھنس جاتے ہیں۔
اعوان فاونڈیشن ایسے گھرانوں کو چھوٹے قرضوں کی ادائیگی ، خوراک کی بلا تعطل فراہمی ۔لباس۔محفوظ چھت و چاردیواری اور میعار زندگی بہتر بنانے میں مدد فراہم کرتی ہے۔بے آسرا بیوہ خواتین کو بھی امداد فراہم کی جاتی ہے۔

"اعوان فاونڈیشن کے سربراہ/ چیئرمین کا پیغام"

اعوان فاونڈیشن اپنے عظیم مقصد کے سفر پر رواں دواں، مستحق اور سفید پوش افراد/ گھرانوں کی زندگیوں میں ناامیدی کے اندھیروں میں امید کی کرن جگمگانے کی کوششوں میں سرگرداں ہے۔ یہ افراد اپنے مستقبل سے ناامید لیکن اپنے بچوں کو اعلی تعلیم دلوانے کے خواب دیکھتے ہیں، انہیں محفوظ چھت و چاردیواری فراہم کرنے ،قرضوں کا آسان ادائیگی اور ضروریات زندگی کی فراہمی میں اعوان فاونڈیشن ان کے شانہ بشانہ موجود ہے۔

اعوان فاونڈیشن مستحقین کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کا عزم رکھتی ہے۔ اس میدان میں کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ہم شاید ان تمام لوگوں تک نہ پہنچ سکیں۔ لیکن آپ کی مدد سے ان میں سے کچھ لوگوں کی زندگیوں میں بہتری لا سکتے ہیں۔

آیئے ہمارے ساتھ مل کر ان مستحق اور سفید پوش افراد کو ایک بہتر کل اور روشن مستقبل دینے میں ہمارا ساتھ دیں۔

تعمیرِنو اور امید کا سفر:۔

اعوان فاونڈیشن 1993 میں اپنے قیام کے بعد
تقریباً 25 سال سے خدمات سر انجام دے رہی ہے۔ان سالوں میں کام کا دائرہ کار بہت وسعت پزیر ہوا ہے۔ یہ سب اعوان خاندان ، دوست ، رشتہ داروں اور انفرادی مالی معاونت سے ہی ممکن ہوا ہے۔

اعوان فاونڈیشن کی تمام تر توجہ کا مرکز تعلیم ،صحت ،محفوظ چھت اور چار دیواری ، سماجی تحفظ ،قدرتی آفات و انسانی ہمدردی ، صاف پانی اور نکاسئ آب اور ضروریات زندگی کی فراہمی ہے۔

اعوان فاونڈیشن سیکورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سیکشن 42،کمپنیز آرڈیننس 1984 کے تحت رجسٹرڈ ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز:۔

ڈاکٹر طارق مسعود اعوان	۔چیئرمین
ڈاکٹر ہارون الرشید اعوان	۔خزانچی
ڈاکٹر فردوس اعوان	۔سیکرٹری
مسز عذرا خالد	۔ڈائریکٹر
مسٹر شیخ بلال	۔ڈائریکٹر
کرنل ریٹائرڈ پروفیسر ڈاکٹر مامون رشید	۔ڈائریکٹر

برائے رابطہ:۔

مکان نمبر 110، گلی نمبر 9، E-7، اسلام آباد

ٹیلی فون نمبر:۔ +92-51-2652399

ای میل:۔ admin@awanfoundation.org